18.06.2025

21.15 Hrs.

HL

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

(Music)

-------------------------------

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی کروشیا کے اپنے پہلے تاریخی دورے کے تحت Zagreb پہنچ گئے ہیں۔ اُن کے اِس دورے سے دو طرفہ تعلقات کے ایک نئے باب کا آغاز ہوگا۔

☆ ایران اور اسرائیل جنگ کا آج چھٹا دن ہے۔ اسرائیل نے ایران کے داخلی سکیورٹی سے متعلق ہیڈ کوارٹر کو تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ ایران کے اعلیٰ رہنما نے ہتھیار نہ ڈالنے کا عہد کیا ہے۔

☆ بھارت نے ایران سے بھارتی شہریوں کو بحفاظت نکالنے کیلئے آپریشن سندھو کا آغاز کیا ہے۔

☆ حکومت نے Fast Tag پر مبنی سالانہ پاس کا آغاز کیا ہے، جس کا مقصد قومی شاہراہوں پر بلارکاوٹ اور کفایتی سفر کو یقینی بنانا ہے۔

☆ انتخابی کمیشن نے اعلان کیا ہے کہ ووٹر کارڈز 15 دنوں میں فراہم کئے جائیں گے۔

☆ مرکزی حکومت کے ملازمین جامع پنشن اسکیم کے تحت گریجویٹی فوائد کیلئے اہل ہوں گے۔

☆ فرانس میں بین الاقوامی اینی میشن فیسٹیول میں ، بھارتی اینی میشن فلم Desi Oon کو Jury ایوارڈ ملا ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

## PM Croatia Visit

وزیر اعظم نریندر مودی آج دوپہر Zagreb پہنچے ہیں۔ بھارتی وزیر اعظم کا کروشیا کا یہ پہلا تاریخی دورہ ہے، جس سے دو طرفہ تعلقات کے ایک نئے باب کا آغاز ہوگا۔ کروشیا کے وزیر اعظم Andrej Plenkovic نے Franjo Tudman ہوائی اڈے پر جناب مودی کا استقبال کیا۔ وزیر اعظم کا روایتی ثقافتی پروگراموں کے ساتھ خیر مقدم کیا گیا۔ رسمی طور پر استقبالیے کے دوران کروشیا کے بچوں نے انہیں نمستے کیا۔ کروشیا کے روحانی افراد کے ایک گروپ نے ویدمنتر کا اُچاّرن کیا اور اُن کے سامنے کتھک رقص بھی پیش کیا گیا۔ جناب مودی نے وہاں آباد بھارتی

آبادی اور بھارت کے کروشیائی دوست سے بھی ملاقات کی۔

VC - Sanjio Singh

بھارت اور کروشیا کے درمیان Banski Dvori میں وفد سطح کی بات چیت جاری ہے۔ اس سے قبل دن میں وزیرِ اعظم نریندر مودی کا St. Mark's Square پر کروشیا کے اُن کے ہم منصب Andrej Plenkovic نے پُر جوش انداز میں رسمی استقبال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے ایک دوسرے کو تحائف پیش کئے۔ طرفین نے تفصیلی دو طرفہ تبادلۂ خیال کیا ، جس کا مقصد باہمی دلچسپی کے عالمی معاملات پر بات چیت اور دو طرفہ اشتراک کو مستحکم کرنا ہے۔ بات چیت کے اختتام کے بعد چار اہم سمجھوتوں پر دستخط کئے جائیں گے۔ یہ سمجھوتے ٹیکنالوجی ، زراعت ، تعلیم اور ثقافت کے شعبوں میں بھارت - یوروپی یونین تعلقات کو فروغ دینے اور کلیدی رشتوں کو مستحکم کریں گے۔

اب سے کچھ دیر میں دونوں وزرائے اعظم پریس اعلامیہ جاری کریں گے ، جس میں اُن کے تبادلۂ خیال کے نتائج اور بھارت - کروشیا تعلقات کو فروغ دینے کا ذکر ہوگا۔

**PM Trump Conversation**

وزیر اعظم نریندر مودی نے پُرزور انداز میں امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ سے کہا ہے کہ بھارت نے پاکستان کے ساتھ معاملات کے حل کی خاطر کبھی تیسرے فریق کی ثالثی قبول نہیں کی اور نہ ہی کرے گا۔ جناب مودی نے صدر ٹرمپ کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی اور حالیہ آپریشن سندور پر تبادلۂ خیال کیا۔ وزیرِ اعظم کی یہ رائے زنی امریکی صدر کے بار بار اِن دعووں کے پیشِ نظر سامنے آئی ہے کہ بھارت اور پاکستان کے درمیان جنگ بندی انہوں نے کرائی تھی۔ خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے کہا ہے کہ 35 منٹ کی بات چیت کے دوران وزیرِ اعظم نے واضح طور پر صدر ٹرمپ کو مطلع کیا کہ بھارت - امریکہ تجارتی معاہدے یا بھارت اور پاکستان کے درمیان حالیہ فوجی کارروائی کو روکنے کی خاطر امریکہ کی ثالثی سے متعلق کسی بھی سطح پر بھی کوئی بات چیت نہیں ہوئی۔

SB - 1400 - Vikram - Thirt Party Mediation

**Iran - Israel**

اسرائیل اور ایران کے درمیان لڑائی کا آج چھٹا دن ہے۔ دونوں ایک دوسرے پر میزائل اور فضائی حملے کررہے ہیں، جس سے علاقائی سطح پر اِس لڑائی کے پھیلنے کے خدشات بڑھ گئے ہیں۔ تہران میں دھماکے ہوئے ہیں اور اسرائیل نے حملوں میں ایران میں ہتھیاروں کی تیاری کے مقامات کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے۔ یہ حملے ایران کی جانب سے اسرائیل پر مزید میزائل داغے جانے کے بعد ہوئے ہیں، جن میں Hypersonic Fattah Projectile شامل ہے۔ اسرائیلی وزیرِ دفاع Katz نے دعویٰ کیا ہے کہ اسرائیلی جیٹ طیاروں نے ایران کے داخلی سلامتی کے ہیڈ کوارٹرس کو تباہ کردیا ہے۔ اسرائیلی فوج کے ترجمان Effie Defrin نے کہا ہے کہ لڑائی شروع ہونے کے بعد سے IDF نے ایران میں ایک ہزار 100 ٹھکانوں کو نشانہ بنایا ہے۔

دوسری جانب ایران کے اعلیٰ رہنما آیت اللہ علی خامنئی نے خبردار کیا ہے کہ ایران کے خلاف کسی بھی امریکی حملے کے سنگین اور ناقابلِ تلافی نتائج ہوں گے۔ ملک سے ٹیلی ویژن پر ایک خطاب میں علی خامنئی نے کہا کہ ایران ، اس پر مسلط کی گئی جنگ میں مضبوط رہے گا۔ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے ہتھیار ڈالنے کے جواب میں علی خامنئی نے

کہا کہ ایران ہتھیار نہیں ڈالے گا۔

اِس دوران روس کے نائب وزیرِ خارجہ Sergei Ryabkov نے خبردار کیا ہے کہ اسرائیل کو براہ راست امریکی فوجی مدد سے مشرقی وسطٰی میں عدم استحکام کی صورتحال پیدا ہوسکتی ہے۔

VC - Vinod Kumar

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے ایران پر اسرائیلی حملوں میں شامل ہونے کے سلسلے میں اپنے موقف کو واضح کرنے سے انکار کیا ہے۔ وہائٹ ہاؤس میں میڈیا سے بات چیت میں جناب ٹرمپ نے کہا کہ ایران ایک بڑی مشکل میں ہے اور بات چیت کرنا چاہتا ہے۔ تاہم انہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ کسی بھی صورتحال میں ایران نیوکلیائی ہتھیار حاصل نہیں کرسکتا۔x

## MEA - Operation Sindhu

بھارت نے ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری لڑائی کی وجہ سے خراب ہوتی ہوئی صورتحال کے پیشِ نظر ایران سے بھارتی شہریوں کو نکالنے کیلئے آپریشن سندھو کا آغاز کیا ہے۔ پہلے قدم کے طور پر ، تہران میں بھارتی سفارتخانے نے شمالی ایران سے 110 بھارتی طلباء کو باہر نکال لیا ہے۔ کل اِن طلباء کو صحیح سلامت Armenia پہنچایا گیا ہے۔ ان طلباء نے ایران اور Armenia میں بھارتی مشنوں کی سرپرستی میں Armenia کے دارلحکومت Yerevan تک سڑک کے راستے سفر کیا۔

وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ آپریشن سندھو کے ابتدائی مرحلے کے ایک حصے کے طور پر، اِن طلباء کو آج دوپہر ایک خصوصی پرواز کے ذریعہ Yerevan سے روانہ کیا گیا ہے اور یہ کل علی الصبح نئی دلّی پہنچیں گے۔

وزارت نے کہا کہ بھارتی حکومت طلباء کو بحفاظت نکالنے کے آسان اور بلا رکاوٹ عمل کیلئے ایران اور Armenia کی حکومتوں کی شکر گزار ہے۔

ایران میں بھارتی سفارت خانہ ، ایسے علاقے جہاں کشیدگی میں اضافہ دیکھا جارہا ہے ، وہاں سے بڑی تعداد میں بھارتی شہریوں کو ملک میں ہی کہیں محفوظ مقامات پر پہنچانے میں مدد کررہا ہے اور ساتھ ہی وہ دستیاب اور قابلِ عمل متبادل کا استعمال کرکے انہیں وہاں سے نکالنے کی بھی پوری کوشش کررہا ہے۔

ایران میں موجود بھارتی شہریوں کو یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ایمرجنسی ہیلپ لائن نمبروں کے ذریعے تہران میں واقع بھارتی سفارتخانے اور نئی دلّی میں وزارت خارجہ کی جانب سے قائم کئے گئے 24 گھنٹے کام کرنے والے کنٹرول روم سے رابطے میں رہیں۔ x

## Rev. Fastag Annual Pass

حکومت اس سال اگست سے Fastag پر مبنی تین ہزار روپے کا ایک سالانہ پاس متعارف کرائے گی، جو ملک بھر میں قومی شاہراہوں پر بلا رکاوٹ اور کفایتی سفر کی سہولت فراہم کرے گا۔ یہ سالانہ Pass جاری کئے جانے کی تاریخ سے ایک سال کی مدت کیلئے Valid ہوگا اور اس دوران دو سو Trips تک سفر کیا جاسکتا ہے۔ اس Pass کو خاص طور پر غیر کمرشیل پرائیویٹ گاڑیوں جیسے Cars، Zeeps اور Vans کیلئے تیار کیا گیا ہے۔

سڑک نقل وحمل اور شاہراہوں کے وزیر نتن گڈکری نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اس کا اعلان کیا اور کہا کہ یہ پہل، شاہراہوں پر بلا رکاوٹ سفر کی سہولت فراہم کرنے کی سمت میں تبدیلی لانے والا ایک قدم ہے۔

S/B: Nitin Gadkari...

## Shivraj Campaign

مرکزی وزیر زراعت شیو راج سنگھ چوہان نے اس بات کو اجاگر کیا ہے کہ حالیہ وکست کرشی سنکلپ ابھیان ملک گیر مہم نے ایک ہزار 43 لاکھ گاؤں کے 13 کروڑ چار لاکھ کسانوں کو براہ راست زرعی تحقیق، توسیع اور ترقی کے بے مثال اتحاد کو نشان زد کیا ہے۔

آج نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے جناب چوہان نے کہا کہ ایک ترقی یافتہ بھارت کیلئے ترقی یافتہ زرعی شعبہ اور خوشحال کسان، وزیر اعظم نریندر مودی کے وژن کے ساتھ ہم آہنگ ہیں۔

S/B: Shivraj- One Nation One Agri

## EPIC Delivery

انتخابی کمیشن نے شناختی فوٹو کارڈس (EPICs) کو رائے دہندگان تک پہنچانے کے عمل کو تیز کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اب انتخابی کمیشن کی فہرست میں تصحیح ہونے کے بعد 15 دنوں میں رائے دہندگان تک تصحیح شدہ شناختی کارڈ (EPICs) پہنچ جائے گا۔

کمیشن نے اس سے متعلق نئے رہنما اصول وضوابط جاری کئے ہیں، جن سے نئے رائے دہندگان کے اندراج اور موجودہ رائے دہندگان کی تفصیلات میں تصحیح کے بعد انتخابی شناختی کارڈس (EPICs) کی جلد فراہمی ممکن ہوسکے گی۔ x

## Special Feature - Evolution of Yoga

یوگ کا 11 واں بین الاقوامی دن 21 جون کو دنیا بھر میں منایا جائے گا۔ آکاشوانی نیوز یوگ کے فروغ پر ایک خصوصی فیچر پیش کررہا ہے، جو قدیم بھارتی روایت سے ایک عالمی تحریک تک کے سفر کو ظاہر کرتا ہے۔

VC - Vishnu

یوگ کی تاریخ بھارت کی قدیم تہذیب میں پنہاں ہے۔ ابتدائی وادئ سندھ - سرسوتی ثقافت میں یہ ایک روحانی عمل کے طور پر شروع ہوا اور رفتہ رفتہ یہ خود شناسی کے ایک منظّم طریقے کے طور پر پروان چڑھا۔ کئی برس تک اسکالر یہ مانتے تھے کہ یوگ کا آغاز بدھ مذہب کے عروج کے دوران تقریباً 500 قبل مسیح میں ہوا تھا تاہم وادئ سندھ - سرسوتی تہذیب سے متعلق آثارِ قدیمہ کی دریافتوں میں یہ تجویز کیا گیا ہے کہ یوگ اِس سے بھی قدیم ہے۔

وقت کے ساتھ ساتھ یہ نظم و ضبط کے ایک بہترین طریقے کے طور پر اختیار کیا جانے لگا۔

2014 میں وزیراعظم نریندر مودی نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کیا اور 21 جون کو یوگ کا بین الاقوامی دن قرار دینے تجویز پیش کی۔

یہ تجویز بھرپور حمایت سے منظور ہوئی اور اس کے بعد سے 21 جون، دنیا بھر میں یوگ کے بین الاقوامی دن کے طور پر منایا جارہا ہے۔ اب جبکہ ہم یوگ کا 11 واں بین الاقوامی دن منارہے ہیں، تو 2025 کا موضوع ہے : ایک

کرۂ ارض ایک صحت کیلئے یوگ، جو اتحاد اور فلاح وبہبود کا پیغام دیتاہے۔

**Jitendra Singh - 11 Years**

عملے ، عوامی شکایات اور پنشن کے محکمے کے وزیرِ مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج اعلان کیا ہے کہ مرکزی حکومت کے ملازمین جامع پنشن اسکیم کے تحت اب ریٹائرمنٹ اور موت کی صورت میں گریجویٹی فوائد کے اہل ہوں گے۔ NDA حکومت کے 11 برس مکمل ہونے کے موقع پر ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر موصوف نے کہا کہ اِس اقدام سے سرکاری عملے کی ایک اہم مانگ پوری ہوتی ہے اور یہ ریٹائرمنٹ کے فوائد میں یکسانیت پیدا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ نئے ضابطے سے قومی پنشن نظام کے تحت سبھی زمروں کے ملازمین کیلئے سماجی تحفظ کو یقینی بنانے کے حکومت کے عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔ ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ وزارت کی کئی اصلاحات انتظامی سہولت سے پرے تھیں اور اِن سے وسیع تر سماجی اور ثقافتی پیغامات ظاہر ہوتے ہیں۔

SB - Jitendra Singh

**Joshi IST Fonference**

صارفین کے امور، خوراک اور عوامی تقسیم کے وزیر پرہلاد جوشی نے کہا ہے کہ بھارت، بہت جلد بھارتی معیاری وقت IST کے استعمال کو تمام قانونی، تجارتی اور ڈیجیٹل نظام میں لازمی قرار دے دے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں ضابطوں کو بہت جلد Legal Metrology Notify قانون کے تحت کیا جائے گا۔ آج نئی دلّی میں Time Dissemination پر ایک گول میز کانفرنس کی صدارت کرتے ہوئے، جناب جوشی نے Time Dissemination پروجیکٹ کو CSIR-NPL اور اسرو کے ساتھ اشتراک کے ذریعے نافذ کئے جانے کی اسٹریٹجک اہمیت پر زور دیا۔ انھوں نے کہا کہ یہ پہل، فورینسک تحقیقات میں بہتری لائے گی اور Cyber Audit کی صلاحیتوں کو فروغ دے گی، ساتھ ہی بھارت کے ڈیجیٹل استحکام کو بھی مضبوط کرے گی۔ x

**Gujarat Plane Crash Update**

DNA میچنگ کے ذریعے احمدآباد کے ایئر انڈیا طیارہ حادثے میں ہلاک ہونے 208 افراد کی شناخت ہوچکی ہے اور 173 افراد کی جسدِ خاکی ان کے کنبوں کو سونپی جاچکی ہیں۔ احمدآباد سول اسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈینٹ ڈاکٹر راکیش جوشی نے میڈیا کو اس سے آگاہ کیا۔ حکام متاثرین کی شناخت کرنے کیلئے DNA نمونے کو ملا رہے ہیں کیونکہ متاثرین میں زیادہ تر افراد کی لاشیں پہچان میں نہیں آرہی ہیں۔ x

**Rev. Desi OON Waves Award**

فلم ساز Suresh Eriyat کی ایک Animation فلم 'Desi Oon' نے بھارتی اینیمیشن کو بین الاقوامی سطح پر شناخت دلاتے ہوئے فرانس میں

Annecy Intrnational Animation Festival 2025 میں Best Commissioned فلم کے طور پر Jury ایوارڈ جیتا ہے۔ اس فلم کو حال ہی میں ممبئی میں ہوئے ورلڈ آڈیو، ویڈیو اینڈ انٹرٹینمنٹ سمٹ WAVES-2025 میں بہترین فلم کا ایوارڈ ملا تھا۔

WAVES، Creat in India چیلنج کے تحت اینیمیشن اور ڈیزائن کو شناخت فراہم کرنے والا بھارت کا

ایک سرکردہ پلیٹ فارم ہے۔

Annecy اعزاز کے ساتھ ساتھ اس فلم کی Flim Craft Lions زمرے میں Cannes Lions 2025 میں Shortlist بھی کیا گیا ہے، جو بھارتی اینیمیشن صنعت کیلئے ایک تاریخی کامیابی ہے۔

اینیمیشن فلم کے ڈائریکٹر Suresh Eriyat نے خاص طور پر آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے اپنے اِس تجربے کو شیئر کیا اور کہا کہ WAVES-2025 میں جیت نے، Creat in India چیلنج کی مکمل تحریک کی حوصلہ افزائی کی ہے۔

S/B: Suresh Eriyat

## ICC Women T20 - 2026

انگلینڈ میں اگلے سال 12 جون سے 5 جولائی کے دوران منعقد ہونے والے خواتین کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ 2026 میں بھارت کو آسٹریلیا، پاکستان اور جنوبی افریقہ سمیت گروپ۔1 میں رکھا گیا ہے۔ خواتین عالمی کپ کا یہ دسواں ٹورنامنٹ ہوگا، جو 24 دن تک جاری رہے گا۔ اس ٹورنامنٹ کا پہلا میچ 12 جون کو Edgbaston میں میزبان انگلینڈ اور سری لنکا کے مابین کھیلا جائے گا۔ Edgbaston کے علاوہ Hampshire Bowl، Headingley، Old Trafford، The Oval، Bristol County Ground اور Lord's، وہ دیگر مقام ہیں جہاں ٹورنامنٹ کے میچ کھیلے جائیں گے۔ Edgbaston ہی میں بھارت، اس ٹورنامنٹ میں اپنا پہلا مقابلہ 14 جون کو پاکستان کے ساتھ کھیلے گا۔

دیگر چار ٹیمیں اگلے سال ہونے والے عالمی کوالیفائرس مقابلوں میں سے چُنی جائیں گی۔ اس ٹورنامنٹ کا فائنل میچ 5 جولائی کو Lord's میں کھیلا جائے گا۔ x

*******